لله الحمد و المنه بیمن توفیقات و عنایات صمدیه کتاب مستطاب مسمی به

تحفۂ احمدیہ جلد سوم

که بنظر انور عالیجناب تقدس مآب شریعت انتساب الفقیه النبیه
السید السند المستند العالم المعتمد المجد مولانا السید ابو الحسن
صاحب المعروف بجناب سید ابو صاحب قبله دام ظله العالی
گذشته بمقام لکهنؤ به محله فراشخانه وزیر گنج
بتاریخ هفتدهم ماه ربیع الاول ۱۳۰۲ هجری
مطابق تاریخ ۵ جنوری
۱۸۸۵ عیسوی

در مطبع اثنا عشری باهتمام خاکسار سید عابد علی مطبوع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ علی محمد و آلہ الطاہرین اما بعد یہہ جلد سوم ہی کتاب تحفۂ احمدیہ سی بیان احکام و اعمال سال مین در باخود کتاب زاد المعاد و کتاب اقبال و دیگر کتب معتبرہ سی مثل بحار وغیرہ کے امید ہے مومنین سے کہ مولف کو اور جملہ ساعیان تالیف و طبع کو بدعاء خیر یاد فرمائین

باب چودہوان احکام و اعمال ماہ محرم الحرام مین

اس باب مین تین مطلب ہین مطلب پہلا بیان مین اختیارات سعد و نحس کے اور امور جو کہ اس مہینہ مین واقع ہوی ہین آخوند مجلسی نے بحار کی چودہوین جلد جو کہ کتاب السماء والعالم ہی کتاب قصص الانبیاء سی نقل کیا ہی کہ حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہی کہ آنحضرت نے فرمایا کہ کتاب دانیال پیغمبر مین لکھا ہی کہ جسوقت اول محرم روز شنبہ ہو اوس سال سردی بہت سے ہو اور ہوا اوسمین بہت ہو اور واقع ہو وبا اور مونچہے نکلی اور تپ بہت ہو اور شہد کم ہو اور کہیتیان اکثر بستی سالم رہین اور بعضی درختون اور انگورکو آفت پہنچی اور ارزانی ہو اور عرب روم سے جنگ کرین اور قیدی اور لوٹ بہت اونسے عربونکی ہاتہہ آئی اور بادشاہ کو سب شہرون اور سقامو نمین غلبہ ہو مشیت حق تعالی سے اور جس سال کہ اول محرم روز یکشنبہ ہو سردی اچہی طرح گذری اور مینہہ بہت برسے اور بعضی درختون اور کہیتون پر کوئی آفت لگے اور درد مختلف و مرگ سخت شایع ہو اور شہد کم پیدا ہو اور ہوا مین اثر طاعون

اگر روز اول محرم شنبہ

اگر روز اول محرم یکشنبہ

اختیارات محرم

اور وبا کا پیدا ہو اور آخر سال مین تہوڑی گرانی کہانیکے
چیزونمین ہو اور آخر سال مین پادشاہ کو غلبہ ہو اور جس سال
اول محرم روز دوشنبہ ہو سردی اچہی طرح گذری اور گرمی
بہت شدت کی ہو اور مینہہ اپنی وقت پر بہت برسی اور گاؤ اور
گوسفند بہت پیدا ہون اور شہد بہت پیدا ہو اور نرخ کہانیکی
چیزونکا پہاڑ کی شہرونمین ارزان ہو اور میوہ بہت ہو اور عورتین
بہت مرین اور آخر سال کوئی پادشاہ پر خروج کری اور نواحی
مشرق اور بعضی اہل فارس مین غم اور دلگیری پونہچی اور زکام
پہاڑ کی شہرونمین بہت ہو اور جس سال اول محرم روز سہ شنبہ ہو
سردی بہت ہو اور برف اور یخ بہت ہو پہاڑ کی شہرونمین
اور ناحیہ مشرق مین اور گوسفند اور شہد بہت ہو اور بعضی
میوہ کی درختون اور انگور کو آفت پہونچی اور ناحیہ مغرب اور
شام مین حادثہ آسمانی ظاہر ہو کہ اوس سی خلق بہت مری اور
پادشاہ پر کوئی شخص خروج کری اور پادشاہ اوسپر غالب آئی
اور زمین فارس مین بعضی غلہ پر آفت آئی اور نرخ گران ہو اور
جس سال اول محرم روز چہارشنبہ ہو سردی نہ کم ہو نہ زیادہ اور
گرمی مین بعضہ نفع دینیوالا برسی اور غلہ اور میوی بلاد جبل مین زیادہ

اول محرم دوشنبہ ہو

اول محرم سہ شنبہ ہو

اول محرم چہارشنبہ ہو

ہوں اور نرخ ان کی ارزان ہوں اور پادشاہ دشمنوں پر غالب
آئی اور جس سال اوّل محرّم روز پنجشنبہ ہو سردی کم ہو اور نواحی
مشرق میں گیہوں اور میوہ اور شہد بہت ہو اور اوّل اور آخر
سال تپ بہت ہو اور روم کو مسلمانوں پر غلبہ بہت ہو پھر عرب
انپر غالب ہوں ناحیۂ مغرب میں اور زمین سند میں لڑائیاں واقع
ہوں اور پادشاہان عرب فتح یاب ہوں اور جس سال اوّل محرم
روز جمعہ ہو سردی میں سردی نہو اور مینھہ کم برسی اور پانی
چشموں اور رود خانوں کا کم ہو اور پہاڑ کی شہروں میں سو
فرسخ سی سو فرسخ تک غلہ کم ہو اور موت درمیان سب آدمیوں کی
بہت ہو اور ناحیہ مغرب میں گرانی ہو اور بعضی درختوں پر
آفت آئی اور روم کو فارس پر غلبہ عظیم ہو ازانجملہ کتاب مذکور میں
اونحضرت سی منقول ہی کہ جس سال محرم میں سورج گہن ہو اوس
سال ارزانی ہو اور آخر سال میں درد اور عارضہ آدمیونمیں
پیدا ہوں اور پادشاہ دشمنوں پر فتح پائی اور زلزلہ پیدا ہو
مگر سلامتی سی رہیں اور جس سال کہ ماہ محرم میں چاند گہن ہو
مغرب میں کوئی بزرگ مری اور میوہ پہاڑ کی شہرونمیں کم ہو
اور درمیان آدمیوں کی خارش بدن بہت ہو اور زمین بابل میں

اوّل محرم پنجشنبہ

اوّل محرم جمعہ

احکام سورج گہن و چاند گہن

درد چشم پیدا ہو اور موت بہت ہو اور نرخ گران ہو اور کوئی
پادشاہ پر خروج کری اور بادشاہ اوسپر فتح پائی اور لشکر اوسکا
قتل کری **بیان نحس اکبر** کتاب تقویم المحسنین مین حضرت
امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ گیارہوین
اور چودہوین محرم کی نحس اکبر ہی اور حضرت صادق علیہ السلام
سی روایت کی کہ بائیسوین محرم کی نحس اکبر ہی **بیان ایام
مخصوصہ محرم** کتاب زاد المعاد مین لکھا ہی کہ روزہ اول محرم کا
مستحب ہی اور حضرت امام رضا علیہ السلام سی منقول ہی
کہ روز اول ماہ محرم کو حضرت زکریا نی دعا کی اور خدا سی فرزند
طلب کیا حق تعالی نی دعا اونکی مستجاب کی پس جو کہ اس روز
روزہ رکھی اور دعا کری حق تعالی دعا اوسکی مثل حضرت
زکریا کی مستجاب کری اور شیخ مفید علیہ الرحمہ نی کہا ہی کہ تیسری
تاریخ محرم کی روز مبارک ہی اس روز حضرت یوسفؑ کنوئین سے
باہر آئی ہین جو کہ اس روز روزہ رکھی خدا کار سخت اوسکی اوپر
آسان کری اور کتاب نخبۃ الدعوات مین ہی کہ شیخ طوسی مصباح
متہجد مین لکھتی ہین کہ پانچوین تاریخ اس مہینی کی حضرت موسے
علیہ السلام دریا پر سی گذری ہین اور ساتوین تاریخ اس مہینے کے

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خدا سے کلام کیے کوہ طور پر اور نوین
تاریخ حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ سے باہر آئے اور
پھر کتاب زاد المعاد مین لکھا ہے کہ بہتر یہ ہے کہ نوین اور دسوین
تاریخ روزہ نہ رکھے اسواسطے کہ بنی امیہ اس روز واسطے برکت و شماتت
کے بسبب قتل جناب امام حسین علیہ السلام کے روزہ رکھتے تھے اور حدیثین
بہت فضیلت مین ان دونون روزونکی بنائی ہین اور حضرت
رسول صلی اللہ علیہ وآلہ کیطرف منسوب کیے ہین اور طریق
اہلبیت علیہم السلام مین بہت حدیثین مذمت مین ان دونون
روزونکی خصوصاً روزہ روز عاشورا کے وارد ہوئی ہین اور
بنی امیہ واسطے برکت کے سال بھر کا غلہ روز عاشورا کو گھر مین جمع
کرتے تھے اسواسطے حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے جو کہ
ترک کرے سعی اور حاجتین اپنے روز عاشورہ کو اور واسطے
کسی کام کے نجائے حق تعالیٰ اوسکے حاجتین دنیا اور آخرت کے
برلائے اور کتاب جلاء العیون مین ہے کہ ابن شہر آشوب وفات
حضرت امام زین العابدین ع کے روز شنبہ گیارہوین تاریخ
محرم کے کہتے ہین اور کتاب تحفۃ الزائرین مین ہے کہ وفات حضرت
امام زین العابدین علیہ السلام کے بارہوین تاریخ محرم کے ہے

صوم نہم و دہم

وفات امام زین العابدین

وقائع ماہ محرم

اور جلاء العیون مین ہی کہ بعضی وفات حضرت امام جعفر صادق
علیہ السلام کی پندرہوین تاریخ محرم کی کہتی ہین اور زاد المعاد
مین ہی کہ شیخ طوسی علیہ الرحمہ کہتی ہین کہ سترہوین تاریخ محرم کی
اصحاب فیل واسطی خراب کرنی خانہ کعبہ کی آئی تھی عذاب ان پر
نازل ہوا اور جلاء العیون مین ہی کہ بعضی اٹھارہوین تاریخ محرم کے

وفات حضرت سجاد ع

وفات حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کہتی ہین اور زاد المعاد
مین ہی کہ شیخ مفید علیہ الرحمہ کہتی ہین کہ اکیسوین شب محرم کے
زفاف حضرت فاطمہ علیہا السلام اور حضرت امیر المومنین علیہ السلام
واقع ہوا چاہئی کہ اس روز واسطی شکر اس نعمت عظمی کے شیعہ
روزہ رکھین اور جلاء العیون مین ہی کہ کفعمی وفات حضرت
امام زین العابدین علیہ السلام کی بائیسوین تاریخ محرم سے
سن پچانوین ہجری مین کہتی ہین اور زاد المعاد مین ہی کہ پچیسوین
تاریخ محرم کی حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نی طرف
عالم بقا کی رحلت کی اور حدیقۃ الشیعہ مین ہی کہ اٹھائیسوین
تاریخ محرم کی وفات حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی ہی پس
زیارت آنحضرات کی ان دنونمین پڑہنا چاہئی مطلب دوسرا

تعزیہ داری امام حسین ع

اثبات تعزیہ داری کی بیان مین اور رد سنیون کے

اعتراض مخالفین بر تعزیہ داری

اعتراضات کا اونہین کی کتابون سی اور یہ مطالب کتاب
لاجواب صمصام قاطع تصنیف حضرت سلطان العلما سید
محمد صاحب اعلی اللہ مقامہ سی نقل ہوئی ہین جان تو کہ سنی جو
تعزیہ داری کرنی پر شیعون کی اعتراض کرتی ہین اور بدعت
کہتی ہین تو معلوم نہین کہ کس دلیل سی بدعت کہتی ہین معنی
تعزیت کی لغت مین پرسا دینیکی ہین تو اگر شیعۂ مومنین کو
اور روح حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ارواح معصومین
علیہم السلام کو حضرت امام حسین علیہ السلام کا پرسا دیتی ہین

جواب اعتراض

اور روتی ہین تو کیا گناہ اور بدعت کرتی ہین اسلئی کہ غم کرنا
اور رونا جناب حضرت امام حسین علیہ السلام کی لئی تو سنیونکی
مذہب مین بھی جائز ہی بلکہ ثواب عظیم ہی چنانچہ احمد حنبل
امام اہل سنت نے اپنی مسند مین روایت کی ہی حضرت رسول
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جسکی آنکھ سی ایکقطرہ آنسو کا
مصیبت حسین علیہ السلام مین نکلی جگہ دیتا ہی خدا اوسکو
بہشت مین اور اس حدیث کو صاحب ذخایر العقبی نی بھی
ذکر کیا ہی اور ابن حجر کہ بڑا متعصب عالم سنیون کا ہی اپنی
کتاب صواعق مین لکھتا ہی کہ روایت کی ترمذی نی بہ تحقیق

کہ ام سلمہ نی خوابمین دیکھا پیغمبر خدا کو کہ روتی ہین اور خاک سر و ریش
مبارک پر او نحضرت کی پڑی ہی پس ام سلمہ کہتی ہین مینی پوچھا سبب
اس حال کا او نحضرت سے فرمایا کہ امام حسین علیہ السلام شہید ہوئے
اور ابو نعیم نی دلائل ہین ام سلمہ سی روایت کی ہے کہ کہا سنا مینی
کہ جن نوحہ و بکا مصیبت امام حسین علیہ السلام پر کرتی ہین
اور شاہ عبد العزیز دہلوی نی رسالہ سر الشہادتین ہین لکہا ہے
کہ غم جناب امام حسین علیہ السلام ہین ہاتف کی آواز اتی تھی اور
مرثیہ سنائی دیتی تھی اور ایسی طرح کی حدیثین سینونکی بڑی بڑی
معتبر کتابونمین بہری ہوی ہین کہ جنسی غم کرنا اور رونا حضرت
رسول اور حضرت امیر علیہما السلام اور ملائکہ اور زمین و آسمان
اور جنون اور جانورونکا ثابت ہوتا ہی بلحاظ طول زیادہ
نہ لکہا تو اگر شیعہ غم جناب امام حسین علیہ السلام ہین روتی ہین
تو کیا گناہ اور بدعت کرتی ہین پیرو حضرت رسول صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم اور ملائکہ کی کرتی ہین سبحان اللہ باوجود اس
پیروی سنت اور محبت کی شیعہ کی طرف نسبت بدعت دی جاتی
اور جو کہ ترک سنت کرتی ہین اور شرکت مصائب اہلبیت ہین
گوارا نہین کرتی وہ برای نام سنی کہلاتی ہین اور اگر سنی یہہ کہین

بعد اعتراض

جواب اعتراض بنانے تعزیہ وغیرہ

کہ ہم غم اور رونے کو بدعت اور حرام نہین کہتی بلکہ تعزیہ اور ضریح
اور تابوت بنانی کو بدعت کہتی ہین تو جواب اسکا یہہ ہے
کہ تعزیہ اور ضریح اور تابوت وغیرہ جو بناتی ہین تو یہہ فقط رونے
کی لئی نقل روضہ اور ضریح اور تابوت بناتی ہین اسمین کیا قباحت
اور بدعت ہی شکل غیر ذوی روح بنانا مثل تصویر مکان وغیرہ کے
دونون مذہبون مین جائز ہی بلکہ سنیون کی کتابون مین ہی کہ شبیہ
روضہ اور قبر وغیرہ تک بنانا جائز ہی چنانچہ دلائل الخیرات مین
کہ کتاب سنیونکی وظائف کی ہی اوسمین شبیہ قبر حضرت رسول
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم معہ قبر ابو بکر و عمر بنی ہی اور شارح دلائل الخیرات
نی لکھا ہی کہ ذکر شکل قبور شریفہ سی اس جگہہ فایدہ یہہ ہے کہ زیارت
کری اس شکل کے وہ شخص کہ جو زیارت کو نہ گیا ہو اور وہ دیکھی
اس شکل مبارک کو محب اور مشتاق اور بوسہ دی اس پر نہایت
محبت سی اور بڑہائی شوق اپنا اور اکثر بزرگون نی واسطی
اس شکل مبارک کی خواص اور برکتین بہت ذکر کی ہین اور تجربہ
مین آئی ہین اور روضۃ الاحباب مین کہ تاریخ معتبر سنیون کے
ہی شکل نعل مبارک حضرت رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
بنائی ہی اور بہت سے خواص اور فوائد اوس شکل نعل کی لکھی ہین

نقشہ نعل ... روضۃ الاحباب مین

سبحان اللہ کیا انصاف ہی شکل روضہ حضرت رسول صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم بلکہ شکل قبر ابوبکر وعمر کی بنانا اور اوسکے زیارت
کرنا اور بوسہ لینا تو سنیون کے مذہب مین ثواب ہو اور یار لوگ
حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روضہ اور ضریح اور قبر کی
شبیہ بنانا بدعت اور کفر ہو اور نعل مبارک حضرت رسول صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کی شبیہ بنانا کہ بقول صاحب روضۃ الاحباب گای کے
چمڑی تھی اور اوسکے بوسہ لینا اور اوسکے خواص اور فوائد بیان کرنا
ثواب ہو اور جناب امام حسین علیہ السلام کی ضریح اور قبر کی نقل
بنانا جو کہ گوشت و پوست بلکہ روح و جان حضرت رسول صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کی تھی بدعت اور کفر ہو واہ کیا محبت اہلبیت اور
پیروی سنت ہی اور موسم حج مین آجتک یہہ معمول ہی کہ قافلہ
مصر وشام کی ساتھہ دو محملین آتے ہین ایک محمل حضرت رسول صلی اللہ
علیہ وآلہ کی نقل اور دوسرے محمل محمل عائشہ کی شبیہ اور حجاج اون
محملونکو باعزاز و تکریم لاتی ہین اور اوسکے آگی روشنی کرتی ہین
اور اوسکی بوسہ لیتی ہین تو اگر شبیہ ہی بنانا کفر اور بدعت ہے
تو نقل محمل عایشہ بنانا بھی کفر و بدعت ہوگا ؎ چو کفر از کعبہ
برخیزد کجا ماند مسلمانی پہلی سنئے اپنی خلفا اور علما کی بدعتون کو

جواب اعتراض تبعیت و ایجاد

توخیال کرین کہ عمر نی حی علی خیر العمل اور متعہ نسا اور حج
تمتع کو ترک کیا الصلوٰۃ خیر من النوم کو اذان صبح مین
داخل کیا اور تراویح کو ایجاد کیا اگر سنی کہین کہ ہم اس فعل کو
بدعت اسلئی کہتی ہین کہ بعد حضرت رسول صلی اللہ علیہ والہ
وسلم یہہ امر ایجاد ہوا ہی تو جواب اسکا یہہ ہی کہ لازم آتا ہی کہ جو
کچھ بعد حضرت رسولؐ خانقاہ اور مدرسہ اور کاروان سرا اور
درگاہین عبد القادر وغیرہ کی بنی ہین بلکہ چھپوانا قرآن اور کتب
دین کا اور جو امر جدید پیدا ہوئین ہین یہہ سب بدعت ہون اور اگر
سنی کہین کہ شیعہ دلدل اور براق وغیرہ جو مٹی کی بناتی ہین
اسلئے ہم اسی بت پرستی اور کفر کہتی ہین تو جواب اسکا یہہ ہے
کہ یہہ فعل مردمان بازاری اور جہال کا ہی اور سب علما ہمارے
اسکو حرام جانتی ہین اور ہمیشہ منع کرتی ہین ایسی باتون کو مگر
مثل اسکی سنیون کی کتابون مین بہت ہی چنانچہ جمع بین الصحیحین مین
عایشہ سی روایت ہی کہ مین گڑیان کھیلتی تھی نبیؐ کی گھر مین
اپنی مصاحبون کی ساتھ جب رسول اللہ آئی کہا میری مصاحبون نے
کہ گڑیان کھیلوا انکی ساتھ حالانکہ سنی خود یہہ بھی روایت کرتی ہین
کہ ملائکہ نہین داخل ہوتی ہین اوسگھر مین کہ جسمین صورت

گڑیان کھیلنا عایشہ کا

اثبات تعزیہ داری

جواب اعتراض مخالفین

جسمدار یا با تماثیل ہوا اور جب ہم شیعون نی عایشہ کی گڑیان
کہیلنی پر اعتراض کیا اور سنی جواب مین عاجز آئی تو فضل بن
روزبہان کہ بڑی عالم سنیونکی ہین اس طعن کی جواب مین لکہاہی
کہ عایشہ جسی کہیلتی تہین وہ گڑیان بصورت انسان نہ تہین بلکہ
گہوڑیکی صورت تہین طرفہ تر ماجراہی سنیون کی نزدیک عایشہ کا
گڑیان کہیلنا یا گہوڑیکی شکل بنانا باوجود اس علم و کمال کی کہ
چالیس ہزار حدیث کی راوی تہین بدعت نہو اور جہال شیعہ
اور مردمان بازاریکا مٹی کا دلدل بنانا بدعت و کفر ہو شاباش
عایشہ کی محبت اور اہلبیت رسالت کی عداوت یو ہین جیسی
سنی حدیث ثقلین پر خوب عمل کرتی ہین کہ روز قتل پارہ جگر
حضرت رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم عید کرتی ہین اور واسطی
برکت کی روزہ رکہتین ہین مگر چند شخص اس شہر کی کہتی ہین کہ ہم
عاشوریکو عید نہین کرتی بلکہ غم کرتی ہین تو جواب اسکا یہ ہے
کہ پیر پیران سنیان یعنی عبد القادر جیلانی نی کتاب غنیۃ الطالبین
مین روز عاشورا حکم سرور اور سرمہ لگانی کا دیاہی اور روز
عاشوراکو روز عید قرار دیاہی اور ابن حجر نی کہ بڑی عالم سنیو
ہین صواعق مین لکہاہی کہ پرہیز کرنا چاہیی بدعتہائی روافض

مثل نوحہ کرنی وغیرہ کی روز عاشورا کہ اخلاق مومنین مین سے نہین ہی اور مکہ معظمہ مین روز عاشورا آجتک سنی سرمہ لگاتی ہین اور عطر ملتی اور تبدیل لباس کا رواج ہی مطلب تیسرا بیا نمین اعمال ماہ محرم کی کتاب زاد المعاد مین حضرت امام رضا علیہ السلام سی منقول ہی کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہلی تاریخ کو محرم کی دو رکعت نماز پڑھتی تھے اور جب نماز سی فارغ ہوتی تھے ہاتھ دعا کی لئی اوٹھاتی تہی اور اس دعا کو تین مرتبہ پڑھتی تھے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاِلٰهُ الْقَدِیْمُ وَهٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِیْدَةٌ فَاَسْئَلُكَ فِیْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّیْطَانِ وَالْقُوَّةَ عَلٰی هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْٓءِ وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا یُقَرِّبُنِیْ اِلَیْكَ یَا كَرِیْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا عِمَادَ مَنْ لَا عِمَادَ لَهٗ یَا ذَخِیْرَةَ مَنْ لَا ذَخِیْرَةَ لَهٗ یَا حِرْزَ مَنْ لَا حِرْزَ لَهٗ یَا غِیَاثَ مَنْ لَا غِیَاثَ لَهٗ یَا سَنَدَ مَنْ لَا سَنَدَ لَهٗ یَا كَنْزَ مَنْ لَا كَنْزَ لَهٗ یَا حَسَنَ الْبَلَآءِ یَا عَظِیْمَ الرَّجَآءِ یَا عِزَّ الضُّعَفَآءِ یَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰی یَا مُنْجِیَ الْهَلْكٰی یَا مُنْعِمُ یَا مُجْمِلُ یَا مُفْضِلُ یَا مُحْسِنُ اَنْتَ الَّذِیْ سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّیْلِ وَنُوْرُ النَّهَارِ

اعمال محرم

عمل پہلی تاریخ

دعا اول محرم

وَضَوْءُ الْقَمَرِ وَشُعَاعَ الشَّمْسِ وَدَوِيِّ الْمَاءِ وَخَفِيفَ
الشَّجَرِ يَا اللّٰهُ لَا شَرِيكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا خَيْرًا مِمَّا
يَظُنُّونَ وَاغْفِرْ لَنَا مَا لَا يَعْلَمُونَ وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِمَا يَقُولُونَ
حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ
الْعَظِيمِ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّا اُولُوا
الْاَلْبَابِ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا
مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اور رجال الصالحین
مین لکھا ہی کہ یہہ مہینہ اول سال ہی مروی ہی اہلبیت طاہرین
علیہم السلام سی کہ جو کوئی ہر سال پہلی تاریخ اس مہینی کے

عمل اول محرم

دو رکعت نماز پڑہی جسطرح چاہی بعد سلام کی تین مرتبہ کہے
اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاَبَدِيُّ الْقَدِيمُ الْعَفُوُّ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ
وَهٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيدَةٌ فَاَسْاَلُكَ الْعِصْمَةَ فِيهَا مِنَ
الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ وَالْعَوْنَ عَلٰى هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ
بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا يُقَرِّبُنِي اِلَيْكَ يَا ذَا الْجَلَالِ
وَالْاِكْرَامِ وَالْفَضْلِ وَالْاِنْعَامِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ حق تعالیٰ
دو ملک اوسپر موکل کری کہ اوسکے باقی عمر بہر شیطان کو اوس سے
دور کرین اور متابعت نفس امارہ اور پیروی ہوا و ہوس سے

محافظت اوسکی کرین اور طاعت اور حسنات پر اوسکے
اعانت کرین اور زاد المعاد مین ہی جسکا خلاصہ ترجمہ یہ ہے
کہ حضرت سید شہدا صلوات اللہ علیہ دسوین تاریخ اس
مہینے کی شہید ہوے اور وہ حضرت وہ اول مین زیادہ غمگین
اور محزون رہی چاہئی کہ شیعہ اونکے یہی دس روز او نحضرت کے
تعزیت مین بسر کرین اور محزون و اندوہ ناک رہین اور
اخبار اور احادیث انکی مصائب کی پڑہین اور بعض علما
کہتی ہین کہ بعض لذتون کو ترک کرین اور حضرت امام رضا
علیہ السلام نے فرمایا کہ جب جد میری امام حسین علیہ السلام
شہید ہوی آسمان نی خون اور خاک سرخ برسائی اگر او نحضرت
کی لئی اسقدر روئی توکہ آنسو تیری مونھہ پر جاری ہون
حق تعالی جمیع گناہان چھوٹی اور بڑی تیری بخشی پھر فرمایا
کہ اگر چاہی توکہ جب مری اور کوئی گناہ تجھپر نہو زیارت کر
امام حسین علیہ السلام کی اور اگر چاہی توکہ غرفہ مین
بہشت کی نبی صلعم اور آل نبی کی ساتھہ رہی تو لعنت کر قاتلان
حسین علیہ السلام پر اور اگر چاہی توکہ ثواب کربلا کے
شہیدونکا پائی جسوقت کہ مصیبت او نحضرت کی یاد کرکے

بیان اعمال شب عاشورا

یَا لَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَھُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِیْمًا یعنی کاش مین بھی
شہدا کی ساتہہ ہوتا تو مین بھی فایز ہوتا درجہ عظیم پر بیان اعمال
شب و روز عاشورا سید ابن طاوس علیہ الرحمہ کتاب اقبال مین
حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سی روایت کرتے
ہین کہ جو کہ جاگی عبادت مین دسوین شب محرم کی مثل اسکی ہی
کہ عبادت کی خدا کی مثل عبادت سب فرشتونکی اور مصباح
العابدین و اقبال مین لکہا ہی کہ جو کہ چار رکعت نماز شب عاشورا

نماز شب عاشورا

پڑہی ہر رکعت مین الحمد ایک مرتبہ اور قل ہو اللہ احد پچاس
مرتبہ پڑہی خدا اوسکے پچاس برسکی گناہ گذری ہوئی اور
پچاس برس آیندہ کی بخشی اور بنائی واسطی اوسکے ملا اعلی مین
لاکہہ شہر نور کی اور زاد المعاد مین بسند معتبر حضرت صادق
علیہ السلام سی منقول ہی کہ جو کہ شب عاشورا نزدیک قبر
شریف اوںحضرت کی ہو اور اوںحضرت کی زیارت کری روز
قیامت اسطرح محشور ہوگا کہ اپنی خون مین آلودہ ہو بہیئت شہدای کربلا
اور جو کہ شب و روز عاشورا زیارت کری اوںحضرت سے

زیارت عاشورا

اسطرح ہو کہ آگی اوںحضرت کی شہید ہوا ہو اور حضرت صادق
علیہ السلام سی منقول ہی کہ جو کہ روز عاشورا ہزار مرتبہ

سورۂ قل ہو اللہ احد پڑہی خدا نظر رحمت طرف اوسکی کری اور
جس پر خدا نظر رحمت کری ہرگز اوسپر عذاب نکری اور اسدن
ہر چیز کہانا اور پینا ترک کری اور قصد روزہ کا نکری اور آخر روز
بعد عصر کی یعنی دو گہنٹہ دن رہی افطار کری اور تمام دن کا روزہ
نرکہی مؤلف کہتا ہی کہ فی زماننا عوام مین یہ جو رواج ہی کہ
عاشوریکو گوٹا ڈلی وغیرہ کہاتی ہین تو یہہ امر بیجا ہی بلکہ چاہیئی
کہ کوئی چیز نکہائی نہ پئی اور حقہ بہی نہ پئی اور روزہ نہونیکی لئی
بعد عصر افطار کری اور زاد المعاد و تحفۃ الزائرین مین بسند صحیح
حضرت جعفر صادق علیہ السلام سی منقول ہی کہ جو کوئی زیارت
امام حسین علیہ السلام عاشوریکی دن پڑہی تو حق تعالی بہشت کو
اوسپر واجب کرتا ہی پس زیارت مشہور عاشورا یہہ ہی کہ شیخ
طوسی اور ابن قولویہ وغیرہ نی مالک سی روایت کی ہی کہ حضرت امام محمد باقر
علیہ السلام نی فرمایا کہ جو کوئی زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام
روز عاشورا پڑہی نزدیک قبر شریف اونحضرت کی روئی تو ملاقات
کریگا حق تعالی اسسی قیامت کی دن ساتہہ ثواب دو ہزار حج اور دو ہزار
عمرہ اور دو ہزار جہاد کی کہ ہر ایک اونمین سی ہمراہ رسول خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ ہدی علیہم السلام کی بجالایا ہو

احکام عاشورا

صوم عاشورا

زیارت عاشورا

ثواب زیارت امام علیہ السلام

طریق زیارت امام علیہ السلام

اور صاحب کتاب کامل الزیارت نی اس حدیث کو بعینہ نقل
کرکی بجای لفظ دو ہزار حج اور دو ہزار عمرہ اور دو ہزار جہاد کی
ہزار ہزار حج اور ہزار ہزار عمرہ اور ہزار ہزار جہاد لکھا ہی اور ہزار
ہزار کی دس لاکھ ہوتے ہین مالک نی عرض کی فدا ہون مین آپ پر
کسقدر ثواب ہی واسطی اوس شخص کے کہ جو اور کسی شہر مین ہو اور اوسکو
ممکن نہو قبر شریف پر جانا حضرت نی فرمایا کہ جو لوگ کہ دور ہین
اونھین چاہئی کہ روز عاشورا صحرا کی طرف چلی جائین یا جو
کوٹھہ یا بالاخانہ کہ اونکی گھر مین بلند ہو اوسپر جائین اور انگشت
شہادت سے اشارہ کرین طرف قبر شریف آنحضرت کی اور زیارت
پڑہین اور جہد و کوشش کرین نفرین اور لعنت کرنی مین اوپر قاتلان
آنحضرت کی اور بعد اوسکے دو رکعت نماز زیارت کی پڑہین اور
اس عمل کو اول روز پیش از ظہر بجا لائین بعد اوسکی نوحہ و زاری
کرین مصیبت امام حسین علیہ السلام پر اور بہت سا روئین اور
جو کوئی اونکی گھر مین ہو اوسکو بھی حکم رونی کا کرین اگر اوس سی
تقیہ نکرتی ہون اور سامان حزن و ملال اپنی گھر مین برپا کرین اور
ملاقات کرتی ایک دوسری سی اپنی اپنی گھرونمین ساتھہ گریہ و زاری کے
اوس جناب کے اور ایک دوسری کو پرسا دی حضرت کی مصیبت کا

حضرت محمد باقر علیہ السلام فرماتی ہین کہ جو شخص ان اعمال کو
بجالاوی تو مین ضامن ہوتا ہون کہ جتنی ثواب کہ ذکر کئی گئے
حق تعالی سب اِس شخصکو عطا فرمائی گا مالک نی تعجب سے کہا
کہ آپ ان ثوابون کی ضامن اور کفیل ہین آپنی فرمایا کہ ہان
ہم ضامن اور کفیل ہین پہر مالک نی عرض کے کہ ایک دوسرےکو
کیونکر تعزیہ اور پرسا دیوی حضرت نی فرمایا کہ ایک دوسری سے
کہے عَظَّمَ اللّٰهُ اُجُوْرَنَا بِمُصَابِنَا بِالْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ
وَجَعَلَنَا وَاِيَّاكُمْ مِنَ الطَّالِبِيْنَ بِثَارِهٖ مَعَ وَلِيِّهٖ
الْاِمَامِ الْمَهْدِيِّ مِنْ اٰلِ مُحَمَّدٍ ۱۲ اور اگر ہو سکی اوسدن
کسی کام کی لئی گہر سی باہر نجا کہ یہہ روز نحس ہے حاجت مومن کے
اسدن نہین بر آتی اگر بر آئی تو برکت نہین ہوتی اور خیر و نیکی
نہ دیکھی گا اور اسدن کوئی چیز لا کر ذخیرہ نکرا پنی گہر کی لئی کہ
مبارک نہوگی اہل خانہ کی لئے اور نہ اہلخانہ مبارک ہونگے
اوس شخص کی لئی پس جو شخص ایسا کری لکہا جائی گا اوسکے
واسطی ثواب ہزار ہزار حج اور ہزار ہزار عمرہ کا اور ہزار ہزار
جہاد کا کہ ساتہہ رسولخدا کی کئی ہون اور اوسکی واسطی ہو ثواب
مصیبت ہر پیغمبر و ہر رسول و ہر صدیق و ہر شہید کا کہ مری ہین

یا مارے گئے ہین ابتدای عالم سے قیامت تک علقمہ بن محمد کہتے
ہین مین نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کے کہ یا حضرت
آپ تعلیم فرمائین مجکو وہ دعا کہ پڑہون عاشورے کے دن اگر نزدیک سے
قبر شریف کی زیارت کرون اور وہ دعا کہ جب مین کسی اور شہر مین ہون
تو اوسکو اشارہ کرکے پڑہون اور زیارت کرون حضرت نے فرمایا
اے علقمہ جس وقت کہ بجالائے تو اون دو رکعتونکو بعد اسکے کہ اشارہ
کیا ہو تو نے طرف اونحضرت کے ساتھہ سلام کے اور کہا ہو تو نے
بعد اشارہ اور نماز کے اوس قول کو کہ مذکور ہوگا پس البتہ دعا
پڑہی ہے تو نے کہ جو ملائکہ پڑہتے ہین وقت زیارت اونحضرت کی
اور لکہتا ہے خداوند کریم واسطے تیرے ہزار ہزار حسنہ اور محو کرتا ہے
تیرے لئے ہزار ہزار گناہ اور بلند کریگا خدا بہشت مین ہزار
ہزار درجہ اور ہوگا تو اون لوگونمین سے کہ جو شہید ہوے ہین
حضرت امام حسین علیہ السلام کے ہمراہ اور شریک ہوگا تو
درجات اور ثواب مین شہیدون کے اور جلوہ اون لوگون مین
جائنگے کہ جو حضرت کے ساتھہ شہید ہوے ہین اور لکہا جائیگا
واسطے تیرے ثواب زیارت ہر پیغمبر اور رسول کا اور سوائے
انکے کہ جسنے زیارت حضرت کی کی ہے اون سب لوگون نے

ثواب تجکو ملیگا اور وہ زیارت یہ ہی اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَابْنَ سَيِّدِ
الْوَصِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاۤءِ
سَيِّدَةِ نِسَاۤءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ
اللّٰهِ وَابْنَ خِيَرَتِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ
ثَارِهٖ وَالْوِتْرَ الْمَوْتُوْرَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلَى الْاَرْوَاحِ
الَّتِيْ حَلَّتْ بِفِنَاۤئِكَ وَاَنَاخَتْ بِرَحْلِكَ عَلَيْكُمْ
مِنِّيْ جَمِيْعًا سَلَامُ اللّٰهِ اَبَدًا مَا بَقِيْتُ وَبَقِيَ اللَّيْلُ
وَالنَّهَارُ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ
عَلَيْكَ لَقَدْ عَظُمَتِ الرَّزِيَّةُ وَجَلَّتِ الْمُصِيْبَةُ
بِكَ عَلَيْنَا وَعَلٰى جَمِيْعِ اَهْلِ الْاِسْلَامِ وَجَلَّتْ
وَعَظُمَتْ مُصِيْبَتُكَ فِي السَّمٰوَاتِ عَلٰى جَمِيْعِ
اَهْلِ السَّمٰوَاتِ فَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً اَسَّسَتْ اَسَاسَ
الظُّلْمِ وَالْجَوْرِ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ وَلَعَنَ اللّٰهُ
اُمَّةً دَفَعَتْكُمْ عَنْ مَقَامِكُمْ وَاَزَالَتْكُمْ عَنْ
مَرَاتِبِكُمُ الَّتِيْ رَتَّبَكُمُ اللّٰهُ فِيْهَا وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً

قَتَلَتْكُمْ وَلَعَنَ اللّٰهُ الْمُمَهِّدِيْنَ لَهُمْ بِالتَّمْكِيْنِ مِنْ
قِتَالِكُمْ وَبَرِئْتُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَيْكُمْ مِنْهُمْ وَمِنْ اَشْيَاعِهِمْ
وَاَتْبَاعِهِمْ وَاَوْلِيَائِهِمْ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ صَلَوٰتُ اللّٰهِ
وَسَلَامُهٗ عَلَيْكَ اِنِّيْ سِلْمٌ لِّمَنْ سَالَمَكُمْ وَحَرْبٌ
لِّمَنْ حَارَبَكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَلَعَنَ اللّٰهُ اٰلَ
زِيَادٍ وَّاٰلَ مَرْوَانَ وَلَعَنَ اللّٰهُ بَنِيْ اُمَيَّةَ قَاطِبَةً
وَلَعَنَ اللّٰهُ ابْنَ مَرْجَانَةَ وَلَعَنَ اللّٰهُ عُمَرَ بْنَ سَعْدٍ
وَلَعَنَ اللّٰهُ شِمْرًا وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً اَسْرَجَتْ
وَاَلْجَمَتْ وَتَنَقَّبَتْ وَتَهَيَّاَتْ لِقِتَالِكَ بِاَبِيْ
اَنْتَ وَاُمِّيْ صَلَوٰتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْكَ
لَقَدْ عَظُمَ مُصَابِيْ بِكَ فَاَسْئَلُ اللّٰهَ الَّذِيْ
اَكْرَمَ مَقَامَكَ وَاَكْرَمَنِيْ بِكَ اَنْ يَّرْزُقَنِيْ طَلَبَ
ثَارِكَ مَعَ اِمَامٍ مَّنْصُوْرٍ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ ؐ
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ عِنْدَكَ وَجِيْهًا بِالْحُسَيْنِ فِي الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ صَلَوٰتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ
عَلَيْكَ اِنِّيْ اَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهٖ وَاِلٰى
اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِلٰى فَاطِمَةَ وَاِلَى الْحَسَنِ وَاِلَيْكَ

بموالاتك وبالبراءة ممن قاتلك ونصب لك
الحرب وبالبراءة ممن اسس اساس الظلم والجور
عليكم وابرء الى الله والى رسوله صلى الله عليه
واله وسلم ممن اسس اساس ذلك وبنى
عليه بنيانه وجرى في ظلمه وجوره عليكم
وعلى اشياعكم برئت الى الله واليكم منهم
واتقرب الى الله ثم اليكم بموالاتكم وموالاة
وليكم وبالبراءة من اعدائكم والناصبين
لكم الحرب وبالبراءة من اشياعهم واتباعهم
واوليائهم يا ابا عبد الله اني سلم لمن سالمكم
وحرب لمن حاربكم وولي لمن والاكم وعدو
لمن عاداكم فاسئل الله الذي اكرمني بمعرفتكم
ومعرفة اوليائكم ورزقني البراءة من
اعدائكم ان يجعلني معكم في الدنيا والاخرة
وان يثبت لي عندكم قدم صدق في الدنيا
والاخرة واسئله ان يبلغني المقام المحمود الذي
لكم عند الله وان يرزقني طلب ثاري مع امام

مَهْدِیٍّ ظَاهِرٍ نَاطِقٍ بِالْحَقِّ مِنْکُمْ وَاَسْئَلُ اللّٰهَ
بِحَقِّکُمْ وَبِالشَّاْنِ الَّذِیْ لَکُمْ عِنْدَهٗ اَنْ یُّعْطِیَنِیْ
بِمُصَابِیْ بِکُمْ اَفْضَلَ مَا یُعْطِیْ مُصَابًا بِمُصِیْبَتِهٖ یَالَهَا
مُصِیْبَةً مَا اَعْظَمَهَا وَاَعْظَمَ رَزِیَّتَهَا فِی الْاِسْلَامِ
وَفِیْ جَمِیْعِ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ اَللّٰهُمَّ
اجْعَلْنِیْ فِیْ مَقَامِیْ هٰذَا مِمَّنْ تَنَالُهٗ مِنْکَ صَلَوَاتٌ
وَرَحْمَةٌ وَّمَغْفِرَةٌ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مَحْیَایَ مَحْیَا مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَمَمَاتِیْ مَمَاتَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُکَ وَ
سَلَامُکَ عَلَیْهِمْ اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا یَوْمٌ تَبَرَّکَتْ بِهٖ
بَنُوْ اُمَیَّةَ وَابْنُ اٰکِلَةِ الْاَکْبَادِ اللَّعِیْنُ بْنُ اللَّعِیْنِ
عَلٰی لِسَانِکَ وَلِسَانِ نَبِیِّکَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
وَاٰلِهٖ فِیْ کُلِّ مَوْطِنٍ وَّمَوْقِفٍ وَقَفَ فِیْهِ نَبِیُّکَ
صَلَوَاتُکَ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ اَبَا سُفْیَانَ
وَمُعَاوِیَةَ بْنَ اَبِیْ سُفْیَانَ وَیَزِیْدَ بْنَ مُعَاوِیَةَ
وَاٰلَ مَرْوَانَ عَلَیْهِمْ مِنْکَ اللَّعْنَةُ اَبَدَ الْاٰبِدِیْنَ
وَهٰذَا یَوْمٌ فَرِحَتْ بِهٖ اٰلُ زِیَادٍ وَّاٰلُ مَرْوَانَ
عَلَیْهِمُ اللَّعْنَةُ بِقَتْلِهِمُ الْحُسَیْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ فَضَاعِفْ عَلَیْھِمُ اللَّعْنَ مِنْکَ وَالْعَذَابَ
الْاَلِیْمَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ وَ
فِیْ مَوْقِفِیْ ھٰذَا وَاَیَّامِ حَیٰوتِیْ بِالْبَرَاءَۃِ مِنْھُمْ وَ
اللَّعْنَۃِ عَلَیْھِمْ وَبِالْمُوَالَاتِ لِنَبِیِّکَ وَاٰلِ نَبِیِّکَ
عَلَیْھِمُ السَّلَامُ پس سو مرتبہ کہی اَللّٰھُمَّ الْعَنْ اَوَّلَ ظَالِمٍ
ظَلَمَ حَقَّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاٰخِرَ تَابِعٍ لَّہٗ عَلٰی ذٰلِکَ
اَللّٰھُمَّ الْعَنِ الْعِصَابَۃَ الَّتِیْ جَاھَدَتِ الْحُسَیْنَ
صَلَوٰاتُکَ عَلَیْہِ وَشَایَعَتْ وَبَایَعَتْ وَتَابَعَتْ
عَلٰی قَتْلِہٖ اَللّٰھُمَّ الْعَنْھُمْ جَمِیْعًا پس سو مرتبہ کہی اَلسَّلَامُ
عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِاللّٰہِ وَعَلَی الْاَرْوَاحِ الَّتِیْ حَلَّتْ
بِفِنَائِکَ وَاَنَاخَتْ بِرَحْلِکَ عَلَیْکَ مِنِّیْ سَلَامُ اللّٰہِ
اَبَدًا مَا بَقِیْتُ وَبَقِیَ اللَّیْلُ وَالنَّھَارُ وَلَا جَعَلَہُ اللّٰہُ
اٰخِرَ الْعَھْدِ مِنِّیْ لِزِیَارَتِکَ اَلسَّلَامُ عَلَی الْحُسَیْنِ
وَعَلٰی عَلِیِّ ابْنِ الْحُسَیْنِ وَعَلٰی اَوْلَادِ الْحُسَیْنِ وَعَلٰی
اَصْحَابِ الْحُسَیْنِ پس کہی اَللّٰھُمَّ خُصَّ اَنْتَ اَوَّلَ ظَالِمٍ
بِاللَّعْنِ مِنِّیْ وَابْدَأْ بِہٖ اَوَّلًا ثُمَّ الثَّانِیَ ثُمَّ الثَّالِثَ
ثُمَّ الرَّابِعَ اَللّٰھُمَّ الْعَنْ یَزِیْدَ بْنَ مُعَاوِیَۃَ خَامِسًا

بیان زیارت عاشورا

وَالْعَنْ عُبَيْدَ اللهِ بْنَ زِيَادٍ وَابْنَ مَرْجَانَةَ وَعُمَرَ بْنَ سَعْدٍ وَشِمْرًا وَآلَ أَبِي سُفْيَانَ وَآلَ زِيَادٍ وَآلَ مَرْوَانَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ پس سجدہ مین جائے اور کہے اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدَ الشَّاكِرِينَ لَكَ عَلَى مُصَابِهِمْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى عَظِيمِ رَزِيَّتِي اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي شَفَاعَةَ الْحُسَيْنِ يَوْمَ الْوُرُودِ وَثَبِّتْ لِي قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَكَ مَعَ الْحُسَيْنِ وَأَوْلَادِ الْحُسَيْنِ وَأَصْحَابِ الْحُسَيْنِ الَّذِينَ بَذَلُوا مُهَجَهُمْ دُونَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

علقمہ کہتے ہین کہ حضرت امام محمّد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر تو اس ترکیب سے ہر روز پڑہے جس قدر کہ ثواب مذکور ہوا وہ سب تجکو ہر روز ملا کریگا اور روایت کی محمد ابن خالد طیالسی نے سیف بن عمیرہ سے کہ وہ کہتا ہے کہ مین صفوان بن مہران الجمال اور بہت سے دوستونکے ہمراہ نجف اشرف مین گیا زیارت کے واسطے بعد تشریف لیجانے حضرت صادق علیہ السلام کے حیرہ سے مدینہ کو پس جب مین زیارت جناب امیرالمومنین علی ابن ابیطالب علیہ السلام سے فارغ ہوا صفوان نے مکان بالای سر حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے اپنا منھ

دعاء صفوان بعد زیارت

روایت صفوان

طرف قبر شریف امام حسین علیہ السلام کی کیا اور کہا کہ ائمہ
مین حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی ساتھہ اس مقام
شریف مین آیا تہا اوس جناب نے اسیطرح اس زیارت کو پڑہا تہا
جس طرحسی کہ مین اس زیارت کو بجالایا پس پڑہی صفوان نی وہ
زیارت جو علقمہ نی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سی روایت
کی تہی پہر دو رکعت نماز پڑہی نزدیک سر مبارک امیر المومنین
علیہ السلام کی اور وداع کیا بعد نماز کی جناب امیر المومنین
علیہ السلام کو پہر منہہ کیا صفوان نی طرف قبر شریف جناب
سید الشہدا کی اور اونحضرت کو بہی وداع کیا اور منجملہ اون
دعاؤن کی کہ بعد دو رکعت نماز کی پڑہی یہہ دعا ہی یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ یَا کَاشِفَ
کُرَبِ الْمَکْرُوْبِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ وَیَا صَرِیْخَ
الْمُسْتَصْرِخِیْنَ وَیَا مَنْ ھُوَ اَقْرَبُ اِلَیَّ مِنْ حَبْلِ
الْوَرِیْدِ وَیَا مَنْ یَحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِہٖ وَیَا مَنْ ھُوَ
بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰی وَبِالْاُفُقِ الْمُبِیْنِ وَیَا مَنْ ھُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِیْمُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی وَیَا مَنْ یَعْلَمُ خَائِنَۃَ
الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ وَیَا مَنْ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ

دعاء روایت شدہ

خَافِيَةٌ وَيَا مَنْ لَا تَشْتَبِهُ عَلَيْهِ الْأَصْوَاتُ
وَيَا مَنْ لَا تُغَلِّطُهُ الْحَاجَاتُ وَيَا مَنْ لَا يُبْرِمُهُ
إِلْحَاحُ الْمُلِحِّينَ وَيَا مُدْرِكَ كُلِّ فَوْتٍ وَيَا
جَامِعَ كُلِّ شَمْلٍ وَيَا بَارِئَ النُّفُوسِ بَعْدَ الْمَوْتِ
يَا مَنْ هُوَ كُلَّ يَوْمٍ فِي شَأْنٍ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ
يَا مُنَفِّسَ الْكُرُبَاتِ يَا مُعْطِيَ السُّؤُلَاتِ يَا
وَلِيَّ الرَّغَبَاتِ يَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ يَا مَنْ يَكْفِي
مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَلَا يَكْفِي مِنْهُ شَيْءٌ فِي السَّمٰوَاتِ
وَالْأَرْضِ أَسْأَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَعَلِيٍّ وَبِحَقِّ
فَاطِمَةَ بِنْتِ نَبِيِّكَ وَبِحَقِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ
وَبِحَقِّ التِّسْعَةِ مِنْ وُلْدِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ فَإِنِّي بِهِمْ
أَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ فِي مَقَامِي هٰذَا وَبِهِمْ أَتَوَسَّلُ وَبِهِمْ أَتَشَفَّعُ
إِلَيْكَ وَبِحَقِّهِمْ أَسْأَلُكَ وَأُقْسِمُ وَأَعْزِمُ عَلَيْكَ وَ
بِالشَّأْنِ الَّذِي لَهُمْ عِنْدَكَ وَبِالْقَدْرِ الَّذِي لَهُمْ عِنْدَكَ
وَبِالَّذِي فَضَّلْتَهُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ وَبِاسْمِكَ الَّذِي
جَعَلْتَهُ عِنْدَهُمْ وَبِهِ خَصَصْتَهُمْ دُونَ الْعَالَمِينَ وَبِهِ
أَبَنْتَهُمْ وَأَبَنْتَ فَضْلَهُمْ مِنْ فَضْلِ الْعَالَمِينَ حَتّٰى

دعا روز یکشنبہ

وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ فَاَسْاَلُكَ يَا اَللّٰهُ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ
وَاٰلِ مُحَمَّدٍ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَكْشِفَ
عَنِّي غَمِّي وَهَمِّي وَكَرْبِي فِي مَقَامِي هٰذَا كَمَا كَشَفْتَ
عَنْ نَبِيِّكَ هَمَّهُ وَغَمَّهُ وَكَرْبَهُ وَكَفَيْتَهُ هَوْلَ
عَدُوِّهِ فَاكْشِفْ عَنِّي كَمَا كَشَفْتَ عَنْهُ وَفَرِّجْ
عَنِّي كَمَا فَرَّجْتَ عَنْهُ وَاكْفِنِي كَمَا كَفَيْتَهُ وَاصْرِفْ
عَنِّي هَوْلَ مَا اَخَافُ هَوْلَهُ وَمَؤُنَةَ مَا اَخَافُ
مَؤُنَتَهُ وَهَمَّ مَا اَخَافُ هَمَّهُ بِلَا مَؤُنَةٍ عَلٰى نَفْسِي
مِنْ ذٰلِكَ وَاصْرِفْنِي بِقَضَاءِ حَوَائِجِي وَكِفَايَةِ مَا
اَهَمَّنِي هَمُّهُ مِنْ اَمْرِ اٰخِرَتِي وَدُنْيَايَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ
وَيَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْكُمَا مِنِّي سَلَامُ اللّٰهِ اَبَدًا
مَا بَقِيْتُ وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَلَا جَعَلَهُ اللّٰهُ
اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنْ زِيَارَتِكُمَا وَلَا فَرَّقَ اللّٰهُ بَيْنِي
وَبَيْنَكُمَا اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِي حَيٰوةَ مُحَمَّدٍ وَذُرِّيَّتِهِ وَاَمِتْنِي

دعا روز یکشنبہ

مَمَاتَهُمْ وَتَوَفَّنِي عَلٰى مِلَّتِهِمْ وَاحْشُرْنِي فِي زُمْرَتِهِمْ
وَلَا تُفَرِّقْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ طَرْفَةَ عَيْنٍ اَبَدًا فِي
الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

صَلَوٰاتُ اللّٰهِ عَلَيْكُمَا اَتَيْتُكُمَا زَائِرًا وَمُتَوَسِّلًا
اِلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمَا وَمُتَوَجِّهًا اِلَيْهِ بِكُمَا وَمُسْتَشْفِعًا
بِكُمَا اِلَى اللّٰهِ فِيْ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ فَاشْفَعَا لِيْ فَاِنَّ
لَكُمَا عِنْدَ اللّٰهِ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَالْجَاهَ الْوَجِيْهَ
وَالْمَنْزِلَ الرَّفِيْعَ وَالْوَسِيْلَةَ اِنِّيْ اَنْقَلِبُ عَنْكُمَا
مُنْتَظِرًا لِتَنَجُّزِ الْحَاجَةِ وَقَضَائِهَا وَنَجَاحِهَا مِنَ اللّٰهِ
بِشَفَاعَتِكُمَا لِيْ اِلَى اللّٰهِ فِيْ ذٰلِكَ فَلَا اَخِيْبُ وَلَا يَكُوْنُ
مُنْقَلَبِيْ مُنْقَلَبًا خَائِبًا خَاسِرًا بَلْ يَكُوْنُ مُنْقَلَبِيْ
مُنْقَلَبًا رَاجِحًا مُفْلِحًا مُنْجِحًا مُسْتَجَابًا لِيْ بِقَضَاءِ
جَمِيْعِ حَوَائِجِيْ وَتَشَفَّعَا لِيْ اِلَى اللّٰهِ اَنْقَلِبُ عَلٰى
مَا شَاءَ اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مُفَوِّضًا
اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ مُلْجِئًا ظَهْرِيْ اِلَى اللّٰهِ وَمُتَوَكِّلًا
عَلَى اللّٰهِ وَاَقُوْلُ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَكَفٰى سَمِعَ اللّٰهُ
لِمَنْ دَعَا لَيْسَ لِيْ وَرَاءَ اللّٰهِ وَوَرَاءَكُمْ يَا
سَادَتِيْ مُنْتَهٰى مَا شَاءَ رَبِّيْ كَانَ وَمَا
لَمْ يَشَاْ لَمْ يَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
اَسْتَوْدِعُكُمَا اللّٰهَ وَلَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ

وداع زیارت عاشورہ

مِنّی اِلَیْکُمَا انْصَرَفْتُ یَا سَیِّدِیْ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ
یَا مَوْلَایَ وَاَنْتَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ یَا سَیِّدِیْ
وَسَلَامِیْ عَلَیْکُمَا مُتَّصِلٌ مَا اتَّصَلَ اللَّیْلُ
وَالنَّهَارُ وَاصِلٌ ذٰلِكَ اِلَیْکُمَا غَیْرُ مَحْجُوْبٍ
عَنْکُمَا سَلَامِیْ اِنْشَاءَ اللّٰہُ وَاَسْئَلُہٗ بِحَقِّکُمَا
اَنْ یَشَاءَ ذٰلِكَ وَیَفْعَلَ فَاِنَّہٗ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ
اِنْقَلَبْتُ یَا سَیِّدِیْ عَنْکُمَا تَائِبًا حَامِدًا
لِلّٰہِ شَاکِرًا رَاجِیًا لِلْاِجَابَةِ غَیْرَ اٰیِسٍ وَلَا قَانِطٍ
اٰئِبًا عَائِدًا رَاجِعًا اِلٰی زِیَارَتِکُمَا غَیْرَ رَاغِبٍ
عَنْکُمَا وَلَا مِنْ زِیَارَتِکُمَا بَلْ رَاجِعٌ عَائِدٌ
اِنْشَاءَ اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ یَا سَادَتِیْ
رَغِبْتُ اِلَیْکُمَا وَاِلٰی زِیَارَتِکُمَا بَعْدَ اَنْ
زَهِدَ فِیْکُمَا وَفِیْ زِیَارَتِکُمَا اَهْلُ الدُّنْیَا
فَلَا خَیَّبَنِیَ اللّٰہُ مِمَّا رَجَوْتُ وَمَا اَمَّلْتُ فِیْ
زِیَارَتِکُمَا اِنَّہٗ قَرِیْبٌ مُجِیْبٌ سیف بن عمیرہ
کہتے ہیں کہ صفوان نے کہا کہ حضرت امام جعفر صادق
علیہ السلام نے مجھسے فرمایا کہ اے صفوان تعاہد کر یعنے

روایت سیف بن عمیرہ از صفوان

فضیلت زیارت بنا بر روایت صفوان

محافظت کر تو اس زیارت کی اور پڑہ تو اس دعا کو اور
ہمیشہ اسیطرح زیارت کیا کر کہ مین ضامن ہون خدا کے
نزدیک وہ یہ ہین کہ جو کوئی اس زیارت اور دعا کو پڑہی نزدیک
قبر شریف کی یا دور سی تو زیارت اوسکے قبول ہوینگے
اور اوسکے کوشش کیمطابق حق تعالی مزدوری دیگا اور سلام اوس
شخص کا حضرت امام حسین علیہ السلام تک پہونچیگا اور
محجوب نہوگا اور جو کچھ کہ خدا سی طلب کریگا حاجت
اوسکے بر آئیگے ہر چند حاجت اوسکے بڑی ہو پہر

ضمانت بنا بر حضرت کا

اونحضرت نی اسی ضمانت کو اپنی اجداد طاہرین سی نقل
فرمایا اور فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نی اسی
ضامنی سی جبرئیل امینؑ سے اور جبرئیل امین نی اسی ضمانت
سی خداوند عالمیان سے سنا پہر حضرت امام جعفر صادق
علیہ السلام نی فرمایا کہ ای صفوان جسوقت تجکو کوئی مطلب

وقت خواندن زیارت بناے حاجت مہم

ہووے خدا سی یعنی جسوقت تجھکو کوئی امر اہم اور دشوار ہو تو
تو اس زیارت کو پڑہ اور خدا سی اپنی حاجت طلب کر حق تعالے
برکت سی اس زیارت اور دعا کی تیری حاجت کو روا کریگا
خواہ تو قبر شریف کی نزدیک ہو یا دور ہو اور خدا خلاف وعدہ

نہین کرتا مولف کہتا ہی کہ واسطی قضاء حاجت کے
یہہ عمل بہت سریع الاجابت اور مجرب ہی اور اس لیے کہ
حدیث مین واسطی ہر امر مشکل کے اس عمل کا پڑھنا وارد
ہوا ہی پس اگر غیر عاشورا اس زیارت کو بجالائی تو بجائے
اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا يَوْمٌ تَبَرَّكَتْ بِهِ بَنُوْ اُمَيَّةَ
کے اَللّٰهُمَّ اِنَّ يَوْمَ قَتْلِ الْحُسَيْنِ صَلَوٰتُ
اللّٰهِ عَلَيْهِ يَوْمٌ تَبَرَّكَتْ بِهِ بَنُوْ اُمَيَّةَ
جیسا کہ زاد المعاد مین مذکور ہی اور پوشیدہ نرہے
کہ جناب اخوند مجلسی نے زاد المعاد مین بسبب
مشکل ہونی عبارت اصل حدیث کی عمل عاشورا
مین بہت احتیاط فرمائی ہی اور نماز پڑھنی کو مکرر
لکہا ہی مگر جناب علیین مکان سید العلما
سید الفقہا سید حسین صاحب مرحوم نی عبارت
حدیث کو حل کرکے یہہ تحقیق کی ہی اور یہہ فتوے
دیا ہی کہ اول زیارت عاشورا معہ صد مرتبہ لعن و صد مرتبہ
سلام تا الی یوم القیامۃ و سجدہ ماثورہ بجالاکی دو
رکعت نماز پڑھی بعد اسکی دعا ہی یا اللہ یا اللہ کو پڑھی

مشغول نوحہ و بکا ہوئی اور یہی فتوی جناب قبلہ و کعبہ عمدۃ الفقہا
جناب سید محمد تقی صاحب مرحوم کا ہی مگر دستور العمل جناب علیین
مکان کا یہہ تہا کہ جیسا صاحب اعمال الصالحین لکہتی ہین پہلی وقت
عالی جناب روز عاشورا زیارت متوسطہ پڑہتی ہین اور اگر طاقت
وفا نکی تو پہلے زیارت مختصرہ آپنے پڑہی اور اوسکی بعد دو رکعت
نماز زیارت کی بجالائی اور بعد دو رکعتون کے زیارت عاشورا
مشہورہ پڑہتی ہین اور بعد اوسکی دعای مذکورہ بجالاتی ہین اور
بعد ان سب اعمال کی دو رکعت نماز پڑہتی ہین اور آپ فرماتی
کہ اسقدر کافی اور وافی ہی اور زیارت مختصرہ کہ اول مین جو
آپ نے پڑہا کرتی تہی وہ یہہ ہی اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ
اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ
وَسَلَّمَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اور
زاد المعاد وغیرہ مین عاشورہ کی دن یہہ زیارت لکہی ہی کہ جو
مشتمل ہے اوپر زیارت سایر شہدا کے اور متضمن ہی اوپر تعزیت
اور پرسا دینی حضرت رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ
علیہم السلام کی اور مناسب یہہ ہی کہ آخر روز عاشورا کو اس
زیارت کو بجالائی اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ اٰدَمَ صِفْوَةِ

نہین کرتا مولف کہتا ہی کہ واسطی قضاء حاجت کے
یہہ عمل بہت سریع الاجابت اور مجرب ہی اور اوسکہ
حدیث مین واسطی ہر امر مشکل کے اس عمل کا پڑہنا وارد
ہوا ہی پس اگر غیر عاشورا اس زیارت کو بجا لائی تو بجائے
اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا يَوْمٌ تَبَرَّكَتْ بِهِ بَنُوْاُمَيَّةَ
کے اَللّٰهُمَّ اِنَّ يَوْمَ قَتْلِ الْحُسَيْنِ صَلَوٰاتُ
اللّٰهِ عَلَيْهِ يَوْمٌ تَبَرَّكَتْ بِهِ بَنُوْ اُمَيَّةَ
چنانکہ زاد المعاد مین مذکور ہی اور پوشیدہ نرہے
کہ جناب اخوند مجلسی نے زاد المعاد مین بسبب
مشکل ہونی عبارت اصل حدیث کی عمل عاشورا
مین بہت احتیاط فرمائی ہی اور نماز پڑہنی کو نکر
لکہا ہی مگر جناب علیین مکان سید العلما
سید الفقہا سید حسین صاحب مرحوم نے عبارت
حدیث کو حل کرکے یہہ تحقیق کی ہی اور یہہ فتوے
دیا ہی کہ اول زیارت عاشورا معہ صد مرتبہ لعن و صد مرتبہ
سلام تا الی یوم القیامۃ و سجدہ ماثورہ بجا لا کی دو
رکعت نماز پڑہے بعد اسکی دعائی یا اللہ یا اللہ کو پڑہی

مشغول نوحہ وبکا ہوئی اور یہی فتویٰ جناب قبلہ وکعبہ عمدۃ الفقہا
جناب سید محمد تقی صاحب مرحوم کا ہی مگر دستور العمل جناب علیین
مکان کا یہہ تہا کہ جیسا صاحب اعمال الصالحین لکہتی ہین پہلی روز
عالی جناب روز عاشورا زیارت متوسطہ پڑہتی ہین اور اگر طاقت نے
وفا نکی تو پہلے زیارت مختصرہ آپنے پڑہی اور اوسکی بعد دو رکعت
نماز زیارت کی بجالائی اور بعد دو رکعتون کے زیارت عاشورا
مشہورہ پڑہتی ہین اور بعد اوسکی دعای مذکورہ بجالاتی ہین اور
بعد ان سب اعمال کی دو رکعت نماز پڑہتی ہین اور آپ فرماتی
کہ اسقدر کافی اور وافی ہی اور زیارت مختصرہ کہ اول مین جو
آپ پڑہا کرتی تہی وہ یہہ ہی اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ
وَسَلَّمَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اور
زاد المعاد وغیرہ مین عاشورکی دن یہہ زیارت لکہی ہی کہ جو
مشتمل ہے اوپر زیارت سایر شہدا کے اور متضمن ہی اوپر تعزیت
اور پرسا دینی حضرت رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ
علیہم السلام کی اور مناسب یہہ ہی کہ آخر روز عاشورا کو اس
زیارت کو بجالائی اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَارِثَ اٰدَمَ صِفْوَۃِ

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا وَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ
عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ
حَبِيْبِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عَلِيٍّ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ الْحَسَنِ الشَّهِيْدِ سِبْطِ
رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا ابْنَ الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ وَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ سَيِّدَةِ نِسَاءِ
الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ وَابْنَ خِيَرَتِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا ثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْوِتْرُ
الْمَوْتُوْرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْاِمَامُ الْهَادِي الزَّكِيُّ
وَعَلٰى اَرْوَاحٍ حَلَّتْ بِفِنَائِكَ وَاَقَامَتْ فِيْ جِوَارِكَ
وَوَفَدَتْ مَعَ زُوَّارِكَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنِّيْ مَا بَقِيْتُ
وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ فَلَقَدْ عَظُمَتْ بِكَ الرَّزِيَّةُ
وَجَلَّ الْمُصَابُ فِي الْمُؤْمِنِيْنَ وَفِي الْمُسْلِمِيْنَ وَفِيْ

أَهْلِ السَّمٰوَاتِ أَجْمَعِينَ وَفِي سُكَّانِ الْأَرَضِينَ فَإِنَّا لِلّٰهِ وَ
إِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ وَصَلَوَاتُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ وَتَحِيَّاتُهُ
عَلَيْكَ وَعَلٰى آبَائِكَ الطَّيِّبِينَ الْمُنْتَجَبِينَ وَعَلٰى ذَرَارِيهِمُ
الْهُدَاةِ الْمَهْدِيِّينَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ وَعَلَيْهِمْ
وَعَلٰى رُوحِكَ وَعَلٰى أَرْوَاحِهِمْ وَعَلٰى تُرْبَتِكَ وَعَلٰى
تُرْبَتِهِمْ اَللّٰهُمَّ لَقِّهِمْ رَحْمَةً وَرِضْوَانًا وَرَوْحًا وَرَيْحَانًا
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَا ابْنَ
خَاتَمِ النَّبِيِّينَ وَيَا ابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّينَ يَا ابْنَ
سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهِيدُ
يَا ابْنَ الشَّهِيدِ يَا أَخَا الشَّهِيدِ يَا أَبَا الشُّهَدَاءِ اَللّٰهُمَّ
بَلِّغْهُ عَنِّي فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِي هٰذَا الْيَوْمِ وَفِي
هٰذَا الْوَقْتِ وَفِي كُلِّ وَقْتٍ تَحِيَّةً كَثِيرَةً وَسَلَامًا
سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ يَا ابْنَ
سَيِّدِ الْعَالَمِينَ وَعَلَى الْمُسْتَشْهَدِينَ مَعَكَ سَلَامًا
مُتَّصِلًا مَا اتَّصَلَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ اَلسَّلَامُ عَلَى
الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ الشَّهِيدِ اَلسَّلَامُ عَلٰى عَلِيِّ ابْنِ
الْحُسَيْنِ الشَّهِيدِ اَلسَّلَامُ عَلٰى عَبَّاسِ بْنِ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ

الشهيد السلام على الشهداء من ولد امير المؤمنين
السلام على الشهداء من ولد الحسن السلام على الشهداء
من ولد الحسين السلام على الشهداء من ولد جعفر و
عقيل السلام على كل مستشهد معهم من المؤمنين
اللهم صل على محمد وآل محمد وبلغهم عني تحية كثيرة
وسلاما السلام عليك يا رسول الله احسن الله
لك العزاء في ولدك الحسين السلام عليك يا فاطمة
احسن الله لك العزاء في ولدك الحسين السلام عليك
يا امير المؤمنين احسن الله لك العزاء في ولدك
الحسين السلام عليك يا ابا محمد الحسن احسن الله
لك العزاء في اخيك الحسين يا مولاي يا ابا عبد الله
انا ضيف الله وضيفك وجار الله وجارك ولكل
ضيف وجار قرى وقراي في هذا الوقت ان تسئل
الله سبحانه وتعالى ان يرزقني فكاك رقبتي من
النار انه سميع الدعاء قريب مجيب اور کتاب زاد المعاد
مین لکھا ہی کہ بسند صحیح عبد اللہ بن سنان سی روایت کی ہی کہ
گیا مین خدمت باسعادت حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام مین

روایت عبداللہ بن سنان

اعمال روز عاشورا

روز عاشورا و حضرت کو بارنگ متغیر اور اندوہناک پایا مینی اور
آنسو چشم مبارک سی مانند موتیون کی گرتی تہی کہا مینی یا ابن رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سبب آپکی رونی کا کیا ہی خدا ہرگز آپکو
نہ رلائی حضرت نی فرمایا کیا غافل ہی اور نہین جانتا ہی تو
کہ مثل اسدن کی حضرت امام حسین علیہ السلام شہید ہوئی ہین کہا
مینی ای سید میرے کیا فرماتی ہین آپ آجکی روزہ کی باب مین فرمایا
کہ روزہ رکہہ بی اسکی کہ رات کو روزہ کی نیت کری تو اور افطار کر
بی اسکے کہ خوشحال ہو تو بس مصیبت پر اور تمام دنکا روزہ
نرکہہ چاہی کہ افطار کری تو جب بعد عصر کے ایک ساعت اور گذری تہہ پانی پینی
اسواسطیکہ اسوقت لڑائی موقوف ہوی آل رسول سی اور اوسوقت
تیس آدمی اہلبیت مین سے اور دوستون مین سی ایسی زمین پر
پڑی تہی کہ اگر حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دنیا مین ہوتے
تو اونکا پرسا حضرت کو دیا جاتا پس حضرت صادق علیہ السلام
اسقدر روئی کہ ریش مبارک آنسوونسی تر ہوئی پس فرمایا کہ
بہتر کام کہ جو اس روز تو کری وہ یہہ ہی کہ کپڑی طاہر پہن اور
بند و تکمہ کہول اور آستینونکو کہنیونتک بلند کر مثل مصیبت
زدگان کی پس باہر جا طرف بیابان کی یا کسی مکان کی کہ کوئے

اعمال روز عاشورا

تجھکو نہ دیکھی یا کسی خالی گھر مین بسبب تقیہ کی سینون سے وقت چاشت
پس چار رکعت نماز بجالا باخشوع وخضوع ورکوع نیات اور بعد
ہر دو رکعت کی سلام کہہ اور رکعت اول مین بعد حمد کی سورۂ
قُلْ یَا اَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ پڑہ اور دوسری رکعت مین قُلْ ھُوَ اللّٰہُ
اَحَدٌ اور دو رکعت آخرین رکعت اول مین بعد سورہ
حمد کی سورہ اَحْزَابَ اور دوسری رکعت مین سورہ اِذَا
جَآءَکَ الْمُنَافِقُوْنَ پڑہ اور اگر یہہ سورہ نجانتا ہو جو سورہ
ہوسکی پڑہ پس پہر مونہہ اپنا طرف روضۂ مقدسہ جناب امام حسین
علیہ السلام کر اور دلمین خیال کر شہادت کا اون امام
مظلوم اور اولاد اور اقربا اور اصحاب حضرت کے
اور سلام کر اونپر اور صلوات بہیج اونپر اور لعنت کر انکے
قاتلونپر اور دوسری روایت مین ہے کہ ہزار مرتبہ لعنت کری تو
قاتلان حضرت پر کہ عوض مین ہی ایک لعنت کی ہزار حسنہ تیری واسطے
لکہی جاتی ہین اور ہزار گناہ تیری مٹتی ہین اور ہزار درجہ بہشت
مین واسطی تیری بلند ہوتے ہین اور بہتر یہہ ہی کہ ہزار مرتبہ کہی اَللّٰھُمَّ
الْعَنْ قَتَلَۃَ الْحُسَیْنِ وَاَصْحَابِہٖ پس فرمایا کہ بعد کی جس جگہہ کہ
ایستادہ ہے تو چند قدم آگی چل اور کہہ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

اعمال روز عاشورا

ثواب لعن بر قاتلان

رضًا بقضائه وتسليمًا لامره اور اگر سات مرتبہ ایسا
کرے بہتر ہے اور فرمایا کہ تمام اس احوال مین چاہئے کہ محزون
اور غمناک اور گریان ہو تو بعد اوسکے اپنی جگہ پر پہر جاوے
کہے اللّٰهُمَّ عَذِّبِ الْفَجَرَةَ الَّذِيْنَ شَاقُّوْا رَسُوْلَكَ
وَحَارَبُوْا اَوْلِيَآئَكَ وَعَبَدُوْا غَيْرَكَ وَاسْتَحَلُّوْا
مَحَارِمَكَ وَالْعَنِ الْقَادَةَ وَالْاَتْبَاعَ وَمَنْ كَانَ
مِنْهُمْ فَخَبَّ وَاَوْضَعَ مَعَهُمْ اَوْ رَضِيَ بِفِعْلِهِمْ
لَعْنًا كَثِيْرًا اَللّٰهُمَّ وَعَجِّلْ فَرَجَ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْ
صَلَوَاتِكَ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ وَاسْتَنْقِذْهُمْ مِنْ اَيْدِي
الْمُنَافِقِيْنَ الْمُضِلِّيْنَ وَالْكَفَرَةِ الْجَاحِدِيْنَ وَافْتَحْ
لَهُمْ فَتْحًا يَسِيْرًا وَاَتِحْ لَهُمْ رَوْحًا وَفَرَجًا قَرِيْبًا
وَاجْعَلْ لَهُمْ مِنْ لَدُنْكَ عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ
سُلْطَانًا نَصِيْرًا پس ہاتھ واسطے دعا کے اوٹھائے اور
قصد کرے دشمنان آل محمد کا اور کہے اَللّٰهُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا
مِنَ الْاُمَّةِ نَاصَبَتِ الْمُسْتَحْفَظِيْنَ مِنَ الْاَئِمَّةِ
وَكَفَرَتْ بِالْكَلِمَةِ وَعَكَفَتْ عَلَى الْقَادَةِ الظَّلَمَةِ
وَهَجَرَتِ الْكِتَابَ وَالسُّنَّةَ وَعَدَلَتْ عَنِ الْحَبْلَيْنِ

الَّذِيْنَ اَمَرْتَ بِطَاعَتِهِمَا وَالتَّمَسُّكِ بِهِمَا فَاَمَاتَتِ
الْحَقَّ وَحَادَتْ عَنِ الْقَصْدِ وَمَالَاَتِ الْاَحْزَابَ
وَحَرَّفَتِ الْكِتَابَ وَكَفَرَتْ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهَا
وَتَمَسَّكَتْ بِالْبَاطِلِ لَمَّا اعْتَرَضَهَا وَضَيَّعَتْ حَقَّكَ
وَاَضَلَّتْ خَلْقَكَ وَقَتَلَتْ اَوْلَادَ نَبِيِّكَ وَخِيَرَةَ
عِبَادِكَ وَحَمَلَةَ عِلْمِكَ وَوَرَثَةَ حِكْمَتِكَ وَوَحْيِكَ
اَللّٰهُمَّ فَزَلْزِلْ اَقْدَامَ اَعْدَآئِكَ وَاَعْدَآءِ رَسُوْلِكَ
وَاَهْلِ بَيْتِ رَسُوْلِكَ اَللّٰهُمَّ وَاَخْرِبْ دِيَارَهُمْ وَ
اَفْلُلْ سِلَاحَهُمْ وَخَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَفُتَّ فِيْ
اَعْضَادِهِمْ وَاَوْهِنْ كَيْدَهُمْ وَاضْرِبْهُمْ بِسَيْفِكَ
الْقَاطِعِ وَارْمِهِمْ بِحَجَرِكَ الدَّامِغِ وَطُمَّهُمْ بِالْبَلَآءِ
طَمًّا وَقُمَّهُمْ بِالْعَذَابِ قَمًّا وَعَذِّبْهُمْ عَذَابًا نُكْرًا
وَخُذْهُمْ بِالسِّنِيْنَ وَالْمَثُلَاتِ الَّتِيْ اَهْلَكْتَ بِهَا
اَعْدَآئَكَ اِنَّكَ ذُوْ نِقْمَةٍ مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ
اِنَّ سُنَّتَكَ ضَائِعَةٌ وَاَحْكَامَكَ مُعَطَّلَةٌ وَعِتْرَةَ
نَبِيِّكَ فِي الْاَرْضِ هَائِمَةٌ اَللّٰهُمَّ فَاَعِنِ الْحَقَّ
وَاَهْلَهٗ وَاقْمَعِ الْبَاطِلَ وَاَهْلَهٗ وَمُنَّ عَلَيْنَا بِالنَّجَاةِ

وَاهْدِنَا اِلَى الْاِيْمَانِ وَعَجِّلْ فَرَجَنَا وَاَنْظِمْهُ بِفَرَجِ
اَوْلِيَائِكَ وَاجْعَلْهُمْ لَنَا وُدًّا وَاجْعَلْنَا لَهُمْ وَفْدًا
اَللّٰهُمَّ وَاَهْلِكْ مَنْ جَعَلَ يَوْمَ قَتْلِ ابْنِ نَبِيِّكَ
وَخِيَرَتِكَ عِيْدًا وَاسْتَهَلَّ بِهٖ فَرَحًا وَمَرَحًا وَخُذْ
اٰخِرَهُمْ كَمَا اَخَذْتَ اَوَّلَهُمْ وَضَاعِفِ اللّٰهُمَّ
الْعَذَابَ وَالتَّنْكِيْلَ عَلٰى ظَالِمِيْ اَهْلِ بَيْتِ نَبِيِّكَ
وَاَهْلِكْ اَشْيَاعَهُمْ وَقَادَتَهُمْ وَاَبِرْ حُمَاتَهُمْ وَ
جَمَاعَتَهُمْ اَللّٰهُمَّ وَضَاعِفْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ
وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى عِتْرَةِ نَبِيِّكَ الْعِتْرَةِ الضَّائِعَةِ
الْخَائِفَةِ الْمُسْتَذَلَّةِ بَقِيَّةٍ مِّنَ الشَّجَرَةِ الطَّيِّبَةِ
الزَّاكِيَةِ الْمُبَارَكَةِ وَاَعْلِ اللّٰهُمَّ كَلِمَتَهُمْ
وَاَفْلِجْ حُجَّتَهُمْ وَاكْشِفِ الْبَلَاءَ وَاللَّاْوَاءَ وَحَنَادِسَ
الْاَبَاطِيْلِ وَالْعَمٰى عَنْهُمْ وَثَبِّتْ قُلُوْبَ شِيْعَتِهِمْ
وَحِزْبِكَ عَلٰى طَاعَتِكَ وَوِلَايَتِهِمْ وَنُصْرَتِهِمْ وَ
مُوَالَاتِهِمْ وَاَعِنْهُمْ وَامْنَحْهُمُ الصَّبْرَ عَلَى الْاَذٰى
فِيْكَ وَاجْعَلْ لَهُمْ اَيَّامًا مَّشْهُوْدَةً وَّاَوْقَاتًا
مَحْمُوْدَةً مَّسْعُوْدَةً تُوْشِكُ فِيْهَا فَرَجَهُمْ وَتُوجِبُ

فیہا تمکینہم ونصرہم کما ضمنت لاولیائک
فی کتابک المنزل فانک قلت وقولک الحق
وعد اللہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصالحات
لیستخلفنہم فی الارض کما استخلف الذین
من قبلہم ولیمکنن لہم دینہم الذی ارتضی
لہم ولیبدلنہم من بعد خوفہم امنا یعبدوننی
لا یشرکون بی شیئا اللہم فاکشف غمتہم
یا من لا یملک کشف الضر الا ہو یا واحد یا احد
یا حی یا قیوم وانا یا الہی عبدک الخائف منک
والراجع الیک السائل لک المقبل علیک
اللاجئ الی فنائک العالم بانہ لا ملجاء منک
الا الیک اللہم فتقبل دعائی واسمع یا الہی
علانیتی ونجوای واجعلنی ممن رضیت عملہ
وقبلت نسکہ ونجیتہ برحمتک انک انت
العزیز الکریم اللہم وصل اولا وآخرا علی محمد
وآل محمد وبارک علی محمد وآل محمد وارحم
محمدا وآل محمد باکمل وافضل ما صلیت و

بَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰى اَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ
وَمَلٰٓئِكَتِكَ وَحَمَلَةِ عَرْشِكَ بِلَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
اَللّٰهُمَّ لَا تُفَرِّقْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ
صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ وَاجْعَلْنِيْ يَا مَوْلَايَ
مِنْ شِيْعَةِ مُحَمَّدٍ وَعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَ
الْحُسَيْنِ وَذُرِّيَّتِهِمُ الطَّاهِرَةِ الْمُنْتَجَبَةِ وَهَبْ
لِيَ التَّمَسُّكَ بِحُبِّهِمْ وَالرِّضَا بِسَبِيْلِهِمْ وَالْاَخْذَ
